
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : سمیع مصطفیٰ

تیسری جماعت کے لئے



| | |
|---|---|
| ٹیچر کیلئے نوٹ | بچوں کو عام طور پر خود سے کہانیاں بنا کر سنانے کا بہت شوق ہوتا ہے۔ خاص کر اس صورت میں جب کوئی بڑا انہیں کہانی سنارہا ہو' وہ ضرور درمیان میں دخل دے کر اپنی خود ساختہ آپ بیتی سنانا شروع کردیتے ہیں۔ یہ کہانی بھی کچھ اس طرح کی ہے ۔<br>صفحے کے دائیں طرف کہانی لکھی ہے اور بائیں صفحے پر سننے والے بچے کا تاثر لکھا ہے۔<br>اس کہانی کو پڑھتے وقت ٹیچر کیلئے تاثرات لانا بہت ضروری ہے۔ تاکہ کہانی کا اصل مزہ آسکے۔<br>یہ کتاب تیسری جماعت کے بچوں کے لئے لکھی گئی ہے۔ ٹیچر اگر چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح کے لحاظ سے اس میں ردوبدل کرسکتی ہیں۔ |

## سیشن 1

| | |
|---|---|
| 15 منٹ | • کلاس میں ٹیچر بچوں کو کہانی پڑھ کر سنائیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ ٹیچر تاثرات کے ساتھ اور ڈرامائی انداز میں کتاب پڑھیں۔<br>• جب ٹیچر کتاب پڑھ لیں تو پھر بچوں سے پوچھیں کہ ان کو کتاب کیسی لگی۔ کیا چیز اچھی لگی۔ کیا بات پسند نہیں آئی۔<br>• پھر بچوں سے پوچھیں کہ اگر کتاب میں یہ بچہ جنگل' مگر مچھ' چیتا اور بھوت سے نہیں ڈرتا تھا تو وہ ایک چھوٹی سی چھپکلی سے کیسے ڈر گیا۔ بچے شاید خود ہی بتائیں گے کہ وہ جنگل اور جانوروں کے بارے میں خیالی پلاؤ پکا رہا تھا۔ مگر جب اصل میں چھپکلی نظر آئی تو ڈر گیا۔ |
| 10 منٹ | • پھر کچھ بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری اس کتاب کو پڑھیں۔ جن بچوں کو کسی لفظ کو پڑھنے میں دشواری ہو ان کی مدد کریں۔ ان سے کہیں کہ مشکل لفظ کی ہجے کریں تاکہ ان کو آئندہ پڑھنے میں آسانی ہو۔ |

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • کتاب کے تقریباً 15 الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو اپنی کاپیوں پر اتاریں۔<br>• جب بچے اتار چکیں تو ان سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کے جملے بنائیں۔<br>• جب بچے یہ کام کررہے ہوں تو ٹیچر ہر بچے کے پاس جائیں۔ اگر کسی بچے کو دشواری ہورہی ہو تو ان کو idea دیں۔ الفاظ کی توڑ جوڑ اور جملے بنانے میں مدد کریں۔<br><br>• جب بچے یہ کام کرچکیں تو ان سے کہیں کہ وہ کاپیاں گھر لے جائیں اور اپنے والد یا والدہ سے تصحیح کروائیں اور والدین سے کہیں کہ جو غلطیاں بچوں نے کی ہیں ان کے نمبر کاٹیں۔ |

## سیشن 2

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • والدین کی تصحیح کی ہوئی کاپیاں ٹیچر بچوں سے لیں۔ جب بچے لکھنے کا کام شروع کریں تو ٹیچر ان کی کاپیاں چیک کریں۔ |
| 25منٹ | • آج بچوں سے کہیں کہ وہ 5 منٹ تک خاموش بیٹھیں اور ایک کہانی کا plot سوچیں۔<br>• پھر وہ اپنی مرضی کی کہانی چاہے وہ حقیقت پر مبنی ہو یا fiction ہو (جیسے اس کتاب میں ہے) لکھیں۔<br>• اس عمر کے بچے تقریباً 12-10 جملے لکھ سکیں گے۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ بالکل original اپنے خیال اور fantasy سے یہ کہانی لکھیں۔<br>• کہانی لکھنے میں اگر بچوں کو ہجے یا جملے بنانے میں دشواری ہو تو ان کی مدد کریں۔ جو بچے کام پہلے ختم کرلیں ان سے کہیں کہ وہ کتاب کھول کر پڑھائی کریں۔ |
| 10 منٹ | • جب سب بچے کہانی لکھنا ختم کرچکے ہوں تو ان سے وقت کے حساب سے باری باری ان |

کی لکھی ہوئی کہانی سنیں اور تعریف بھی کریں۔

- اگر سب بچوں کی کہانی سننے کا وقت نہ ملے تو باقی بچوں کی کہانی اگلے دن ضرور سنیں۔

5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ ہم اگلے 3 دن میں بچوں کی لکھی ہوئی کہانی پر مبنی ایک ایک کتاب تصویروں کے ساتھ بنائیں گے۔ ہر بچہ گھر پر والدین یا بڑے بھائی بہن کی مدد سے دس ورق (یعنی 20 صفحہ) کی سادہ کتاب بنائے۔ اس کتاب پر cover بنائے۔ جس پر کہانی کا نام اور بچے کا نام لکھا ہو۔ اندر صفحوں پر نیچے کہانی کا text ہوگا اور اس پر خوبصورت اور رنگین تصویریں بچے خود بنائیں گے۔ اگر بچے چاہیں تو magazine سے کاٹ کر تصویریں چسپاں کرسکتے ہیں۔ کتاب کے لئے کاغذ سفید بھی ہوسکتا ہے اور رنگین بھی۔ کتاب کی صحیح طریقہ سے stapling یا binding ہونا چاہیئے۔

## سیشن 3

10 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کتنے بچوں نے کتاب پر کام شروع کردیا ہے۔ جن بچوں نے کہا کہ انہوں نے کتاب پر کام شروع کردیاہے ان کی تعریف کریں اور جنہوں نے ابھی کام شروع نہیں کیا ہے ان کو تاکید کریں کہ وہ بھی فورا کام شروع کردیں تاکہ وہ بھی اپنی بنائی ہوئی کتاب وقت پر جمع کرسکیں۔

- ٹیچر آج پھر بچوں کو کتاب بنانے کے لئے ہدایات دوبارہ دیں کہ کیسے وہ پہلے ایک خالی کتاب بنائیں گے۔ کیسے اس پر لکھیں گے، کیسے تصویریں بنائیں گے،اور کس طرح اس کی جلد بنائیں گے، وغیرہ۔
- ان کو اس کی بھی تاکید کریں کہ اگر وہ چاہیں تو اپنے کسی بڑے سے اپنی لکھی ہوئی کہانی کی ہجے وغیرہ صحیح کروالیں۔

| | |
|---|---|
| 15 منٹ | • جن بچوں نے کل اپنی کہانی نہیں پڑھی تھی آج ان سے ان کی کہانی سنیں۔ تعریف بھی کریں اور جہاں ضرورت ہو وہاں تصحیح بھی کریں۔ |
| 20 منٹ | • پھر بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری آئیں اور کتاب میں لکھے ہوئے اور تصویر میں بنائے ہوئے جانور کا نام بورڈ پر لکھیں۔<br>• اس کے بعد دس بچوں کو اور بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ بھی ایک ایک جانور کے نام جن کا ذکر کتاب میں نہیں ہے وہ بورڈ پر لکھیں۔<br>• پھر جو بچے بچ گئے ہوں ان کو باری باری بلائیں اور ہر بچے سے ایک جانور کے نام کے ساتھ اس کی انگریزی لکھنے کو کہیں۔ |
| گھر کا کام | • ان سے کہیں کہ وہ سبق کو غور سے پڑھ کر آئیں۔ اگلے دن اس پر املا ہوگا۔ |

## سیشن 4

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • اگر کچھ بچے ایسے ہیں جنھوں نے کتاب کی پڑھائی اب تک نہیں کی ہے تو ان سے کہیں کہ باری باری وہ بھی پڑھائی کریں۔ ٹیچر ان کی مدد کریں تاکہ جن بچوں کو اردو پڑھنے میں مشکل ہوتی ہے ان کی حوصلہ شکنی نہ ہو۔ |
| 30 منٹ | • آج کتاب سے 8-6 الفاظ کا املا کروائیں۔<br>• جب املا کرواچکیں تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی کو تصحیح کرنے کیلئے اپنے ساتھی کو دیں۔<br>• پھر ٹیچر وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اس حساب سے تصحیح کریں اور جو لفظ غلط ہے اس کو دائرہ لگائیں۔ |

- جب یہ سب کچھ کر چکے ہوں تو پھر ہر غلطی کا ایک نمبر کاٹ کر جو بھی نمبر ہو دیں اور کوپی اپنے ساتھی کو واپس کر دیں۔
- پھر جن بچوں نے کم سے کم غلطیاں کی ہیں ٹیچر ان کی تعریف کریں اور باقی بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آئندہ غلطیاں کم کرنے کی کوشش کریں اور دھیان سے الفاظ کو دیکھا کریں۔

5 منٹ

- بچوں کو یاد دہانی کروائیں کہ کل وہ سب اپنی بنائی ہوئی کتاب ضرور لائیں۔ ان کی کتاب کی نمائش ہوگی۔

## سیشن 5

45 منٹ

- آج زیادہ تر بچے اپنی بنائی ہوئی کتابیں لے کر آئے ہوں گے۔
- انہوں نے کہانی جیسی بھی لکھی ہو اس کی تعریف کریں اور اس کو اپنی نظر سے نہیں بلکہ ایک چھوٹے بچے کی نظر سے دیکھیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ بچوں میں اردو لکھنے اور پڑھنے کا شوق پیدا ہو۔
- جب بچوں کی کتاب باری باری پڑھی جائے (بچے خود ہی پڑھیں گے) تو پھر ٹیچر بچوں کی مدد سے ان کو اپنی میز اور بچوں کی میز پر اچھی طریقہ سے display کریں اور اپنے principle یا headmistress کو بلوائیں تاکہ وہ بھی دیکھیں کہ اس کلاس کے بچے کتنے شوق سے اردو کا کام کرنا پسند کرتے ہیں۔
- جن بچوں نے یہ کام مکمل نہیں کیا ہو ان کو تاکید کریں کہ وہ ہر حال میں یہ کام دو دن میں کرکے لائیں۔ اگر اس کے باوجود کوئی بچہ اپنا کام کرکے نہ لائے تو ان کے والدین کو بلوائیں اور ان سے اس مسئلے کے بارے میں بات کریں۔

# میں ڈرتا نہیں ہوں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale